نیو ایرا پبلک اسکول راجباغ سرینگر (صفحہ ۱)

لیونٹ سوم ۲۰۲۱ء "حل کردہ ایسائنمنٹ" اردو ای۔ق

سبق نمبر: ۱۲ جماعت: سوم

عنوان:۔ تم تھوڑا بانو عمر کیا ڈرتا ہے (نظم)

| سوال | الفاظ | معنی |
|---|---|---|
| ۱۔ | گنوانا | ضائع کرنا۔ |
| ۲۔ | فانی | ختم ہونے والی۔ |
| ۳۔ | کھونا | ہاتھ سے جانے دینا۔ |
| ۴۔ | ٹھانی ہے | ارادہ کیا ہے۔ |
| ۵۔ | غافل | بے خبر۔ |
| ۶۔ | اشک | آنسو۔ |
| ۷ | جولانی | طاقت۔ |

"تحریری سوالات"

سوال ۱ شاعر نے کیا کرنے پر زور دیا ہے؟

جواب شاعر نے محنت کرنے پر زور دیا ہے۔

سوال ۲ جو عمر بھر بے کار رہے گا اس کا انجام کیا ہوگا؟

جواب جو عمر بھر بے کار رہے گا وہ آخر میں پچھتائے گا۔

سوال ۳ جو محنت کرے گا وہ کیا پائے گا؟

جواب جو محنت کرے گا وہ اپنی محنت کا پھل پائے گا۔

سوال ۴ انسان کے پاس مشکل کام کب آسان بن سکتا ہے؟

جواب انسان کے پاس مشکل کام تب آسان بن جاتا ہے جب وہ ہمت کرتا ہے۔

۲ ذیل میں دیے گئے سوالات کے صحیح جواب پر ٹک (✓) کا نشان لگائیے:

Scanned with CamScanner

۱۔ ہمت سے انسان:
(i) کامیاب ہوجاتا ہے ☑
(ii) کمزور ہوجاتا ہے ☐
(iii) ناکام ہوجاتا ہے ☐

۲۔ بیکار بیٹھنے سے انسان
(i) کاہل ہوجاتا ہے ☑
(ii) چالاک بن جاتا ہے ☐
(iii) ذہین بن جاتا ہے ☐

۳۔ دنیا کی زندگی
(i) ہمیشہ رہنے والی ہے۔ ☐
(ii) ختم ہونے والی ہے ☑
(iii) بے کار ہے۔ ☐

۴۔ جو انسان محنت کرے گا یعنی کھیتی کرے گا وہی:
(i) پھل پائے گا ☑
(ii) پچھتائے گا ☐
(iii) خوش ہوجائے گا ☐

۳۔ درج ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجیے:

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| ۱۔ خدا | ہم سب کا مالک خدا ہے۔ |
| ۲۔ عمر | میں آٹھ سال کا/کی ہوں۔ |
| ۳۔ وقت | ہر کام وقت پر کرنا چاہیئے۔ |
| ۴۔ مُنہ | ہمارے مُنہ میں بتیس دانت ہوتے ہیں۔ |
| ۵۔ دُنیا | اس دنیا کو خدا نے بنایا ہے۔ |
| ۶۔ فانی | یہ دُنیا فانی ہے۔ |

Scanned with CamScanner

| | | |
|---|---|---|
| ۷۔ | دِل | ہمارے سینے میں دِل ہے۔ (صفحہ ۳) |
| ۸۔ | ہمت | ہمیں ہمت سے کام لینا چاہیے۔ |
| ۹۔ | بہتر | یہ بہتر کدل ہے۔ |
| ۱۰۔ | پانی | مچھلیاں پانی میں رہتی ہیں۔ |

۴ جملوں کے درج ذیل حصوں کو مناسب طور جوڑ دیجیے:

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | جو ڈھونڈے گا | فانی ہے (۶) |
| ۲۔ | یہ وقت بھی آخر | وہ ہوئے گا۔ (۵) |
| ۳۔ | جو سوئے گا | وہ پائے گا۔ (۱) |
| ۴۔ | اور کاٹے گا | جائے گا۔ (۲) |
| ۵۔ | جو ہونا ہو | وہ روئے گا۔ (۳) |
| ۶۔ | یہ دنیا آخر | جو بوئے گا۔ (۴) |

## عنوان: حساب جوں کا توں کنبا ڈوبا کیوں

سبق نمبر: ۱۳

| سوال | الفاظ | معنی |
|---|---|---|
| ۱۔ | نہایت | پرلے درجے کا۔ |
| ۲۔ | بات سمانا | بات بھانا۔ |
| ۳۔ | بانس | ایک لمبی لکڑی۔ |
| ۴۔ | کند ذہن | نا سمجھ۔ |
| ۵۔ | مجال | طاقت، جرأت۔ |
| ۶۔ | دھیان | توجہ۔ |
| ۷۔ | ہوشیار | چالاک۔ |
| ۸۔ | ملاح | ناؤ چلانے والا۔ |
| ۹۔ | ڈٹا رہنا | ضد پر رہنا، اڑا رہنا |
| ۱۰۔ | اناپ شناپ | بے ہودہ بکواس |

Scanned with CamScanner

| | | |
|---|---|---|
| ۱۱ | خطرہ مول لینا | جان بوجھ کر خطرے میں پڑنا۔ |
| ۱۲ | اختلاف کرنا | کسی بات سے اتفاق نہ کرنا۔ |
| ۱۳ | اسی اثنا میں | اسی وقت۔ |
| ۱۴ | بہاؤ | پانی کی روانی۔ |
| ۱۵ | کنبا | خاندان۔ |
| ۱۶ | جوں کا توں | جیسا تھا ویسا ہی رہا۔ |

## "تحریری سوالات"

سوال۱ گاؤں والے کا بیٹا کیسا تھا؟

جواب گاؤں والے کا بیٹا بے وقوف تھا۔

سوال۲ کیا پڑھائی کرنے سے اس کی عقل میں کچھ تبدیلی آئی؟ اگر نہیں تو کیوں؟

جواب نہیں، اگر ایسا ہوتا تو وہ اپنے گھر والوں کو ندی میں ڈوبنے کے لئے نہیں لے جاتا۔

سوال۳ تعلیم پا کر وہ اپنے آپ کو کیا سمجھنے لگا؟

جواب تعلیم پا کر وہ اپنے آپ کو ہوشیار اور عقلمند سمجھنے لگا۔

سوال۴ ندی پار کرنے کے لئے اس نے اپنے گھر والوں کو کیا مشورہ دیا؟

جواب اس نے اپنے گھر والوں کو یہ مشورہ دیا کہ ہم ندی کو پیدل چل کر ہی پار کریں گے۔

سوال۵ کیا اس کا مشورہ صحیح تھا؟ اگر نہیں تو کیوں؟

جواب نہیں، کیونکہ اس نے صرف کنارے سے ہی اندازہ لگایا تھا کہ ندی گہری نہیں ہے۔

سوال۶ بیچ ندی میں اس کے گھر والوں کا کیا ہوا اور وہ خود کیسے بچ گیا؟

جواب بیچ ندی میں پانی کی تیز لہر آئی اور اس کے گھر والوں کو بہا کر لے گئی۔ وہ خود ہاتھوں کی مدد سے بچ گیا۔

Scanned with CamScanner

سوال: کنارے پر آکر اس نے کیا کیا؟
جواب: کنارے پر آکر اس نے پھر حساب لگایا اور اس کی عقل کے مطابق حساب ٹھیک تھا۔ نادان اور احمق روتے ہوئے کہنے لگا "حساب جوں کا توں کنبا ڈوبا کیوں"۔

۲۔ آپ نے اپنے سبق میں عقل مند اور بے وقوف جیسے الفاظ پڑھے جو ایک دوسرے کی ضد ہیں۔ ذیل میں دیے گئے الفاظ کی ضد لکھئے۔

| | الفاظ | ضد | | الفاظ | ضد |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۔ | موٹا | پتلا | ۴۔ | شک | یقین |
| ۲۔ | ذہین | کند ذہن | ۵ | سست | چست |
| ۳۔ | ناخوش | خوش | ۶ | آگے | پیچھے |

۳۔ ذیل میں دیے گئے الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجئے۔

| | الفاظ | جملے |
|---|---|---|
| ۱ | بے وقوف | گاؤں والے کا بیٹا بے وقوف تھا۔ |
| ۲ | ترقی | حامد کے والد نے بہت ترقی کی۔ |
| ۳ | تعلیم | میری ماں تعلیم یافتہ ہے۔ |
| ۴ | یقین | میرے بھائی کو مجھ پر یقین ہے |
| ۵ | ندی | ندی بہت گہری ہے۔ |
| ۶ | گہرائی | احمد نے ندی کی گہرائی کی بانس سے پیمائش کی۔ |
| ۷ | لہر | پانی کی تیز لہر آئی اور ایک بچے کو بہا کر لے گئی۔ |
| ۸ | ملاح | میرے دوست کا باپ ملاح ہے۔ |

۴۔ ذیل میں دیئے گئے سوالات کے صحیح جواب پر ٹک (✓) کا نشان لگائیے:-

Scanned with CamScanner

(صفحہ ۶)

۱۔ گاؤں والے کا لڑکا تھا:

ا۔ عقلمند ☐ ii۔ بے وقوف ☑ iii۔ چالاک ☐

۲۔ جب بے وقوف لڑکا تعلیم ختم کر کے گھر آیا تو اس نے اپنے آپ کو بتایا:

ا۔ دانا ترین ☐ ii۔ عالم ☐ iii۔ دانش مند ☑

۳۔ ندی پر پہنچ کر اس نے ملاح کے مشورے کو:

ا۔ مانا ☐ ii۔ نہ مانا ☑ iii۔ انتظار کرنے کو کہا ☐

---

عنوان :- نمک      سبق نمبر:- ۱۴

| سوال الفاظ | معنی |
|---|---|
| ۱۔ مزہ | لطف۔ |
| ۲۔ مایوس ہونا | شرمندہ ہونا۔ |
| ۳۔ ڈانٹ | بُرا بھلا کہنا۔ |
| ۴۔ منجھلی | بیچ کی۔ |
| ۵۔ خفا ہونا | ناراض ہونا۔ |
| ۶۔ گپ شپ | دل لگی کی باتیں کرنا۔ |
| ۷۔ چوما | بوسہ دیا۔ |
| ۸۔ پکوان | پکا ہوا کھانا۔ |
| ۹۔ منہ میں پانی بھر آنا | جی للچانا۔ |

"تحریری سوالات"

سوال۱: اس شخص کی کتنی بیٹیاں تھی؟

جواب: اس شخص کی تین بیٹیاں تھی۔

سوال۲: باپ نے اپنی بیٹیوں سے کیا سوال کیا؟

جواب: باپ نے اپنی بیٹیوں سے یہ سوال کیا کہ میں تمہیں کتنا اچھا لگتا ہوں۔

Scanned with CamScanner

سوال ۳ باپ نے بیٹی کا جواب سُن کر کیا کیا؟ (صفحہ ۷)
جواب باپ بیٹی کا جواب سُن کر مایوس ہوا۔
سوال ۴ بیٹی نے مچھلیوں میں نمک کیوں نہیں ڈالا تھا؟
جواب بیٹی نے مچھلیوں میں نمک اسلئے نہیں ڈالا تھا کیونکہ وہ باپ کو نمک کی اہمیت سمجھانا چاہتی تھی۔
سوال ۵ باپ اپنی تیسری بیٹی سے کیوں ناراض ہوا؟
جواب باپ اپنی تیسری بیٹی سے اسلئے ناراض ہوا کیونکہ اس نے مچھلیوں میں نمک نہیں ڈالا تھا۔

۲ ذیل میں دیے گئے سوال کے صحیح جواب پر ٹک (✓) کا نشان لگائیے:

۱۔ آدمی کی کتنی بیٹیاں تھیں؟
i ایک ☐ ii دو ☐ iii تین ☑

۲۔ تیسری بیٹی نے باپ کو کس چیز کی خاصیت سے تعبیر کیا؟
i سکہ سے ☐ ii نمک سے ☑ iii آٹا سے ☐

۳۔ کس کے الفاظ ہیں
"اس میں نمک کہاں ہے؟ بھلا نمک کے بغیر کھانے کا کوئی مزہ ہوتا ہے کیا؟"
i باپ کے ☐ ii بیٹی کے ☑ iii ماں کے ☐

۳ مچھلی واحد ہے اور اس کی جمع مچھلیاں ہے اسی طرح آپ بھی نیچے دیے گئے واحد الفاظ کی جمع لکھئے:

| | واحد | جمع | | واحد | جمع |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۔ | کرسی | کرسیاں | ۴۔ | روٹی | روٹیاں |
| ۲۔ | لڑکی | لڑکیاں | ۵۔ | مکھی | مکھیاں |
| ۳ | کاپی | کاپیاں | ۶ | ڈوری | ڈوریاں |

Scanned with CamScanner

۷ درج ذیل جملوں میں خالی جگہوں کو پُر کیجیے : (صفحہ ۸)

۱۔ تینا ۲۔ سوال ۳۔ مایوس ۴۔ پانی -

عنوان :- برسات    سبق نمبر: ۱۵

| سوال | الفاظ | معنی |
|---|---|---|
| ۱ | گھٹا | بادل - |
| ۲ | آہٹ | آواز - |
| ۳ | بن | جنگل - |
| ۴ | بیل | ایک قسم کا پودا جو کسی سہارے کے بغیر کھڑا نہیں رہ سکتا - |
| ۵ | چٹیل | بنجر یعنی پیڑ پودوں کے بغیر - |
| ۶ | مینہ | بارش - |
| ۷ | ڈھنگ | طریقہ - |
| ۸ | سنسناہٹ | ہوا کی آواز - |
| ۹ | ماجرا | قصہ واقعہ - |
| ۱۰ | پیڑ | درخت - |
| ۱۱ | ہرا | سرسبز - |
| ۱۲ | محنت ٹھکانے لگنا | اچھا بدلہ ملنا - |

"تحریری سوالات"

سوال: گھٹا آن کر کیا برسا گئی؟
جواب: گھٹا آن کر مینہ برسا گئی -

Scanned with CamScanner

سوال۲ بارش سے زمین میں کیا اُگتا ہے؟
جواب بارش سے زمین میں پیڑ پودے، پھل اور ترکاری لوئیاں اُگتی ہیں۔
سوال۳ برسات میں جانور کیا کرنے لگتے ہیں؟
جواب برسات میں جانور کُودنے لگتے ہیں۔
سوال۴ جہاں خالی مٹی تھی وہاں آج کیا ہے؟
جواب جہاں خالی مٹی تھی وہاں آج گھاس کا بن ہے۔

۲ ذیل میں دیے گئے سوالات کے صحیح جواب پر ٹک (✓) کا نشان لگائیے۔

۱۔ برسات کے مہینے میں:
i گرمی ہوتی ہے ☐ ii تیز ہوا چلتی ہے ☑
iii دھوپ تیز ہوتی ہے۔

۲۔ بارش کی وجہ سے زمین
i خشک ہو جاتی ہے ☐ ii تر اور تازہ ہو جاتی ہے ☑
iii آم پک جاتے ہیں ☐

۳۔ بارش سے زمین بن جاتی ہے۔
i سرسبز ☑ ii سخت ☐ iii بے مزہ ☐

۳ درج ذیل جملوں کی خالی جگہیں بھر دیجیے:

۱۔ گھیٹا ۲۔ طرف ۳۔ سبزے ۴۔ محنت۔

Scanned with CamScanner

# "اردو گرامر"

## سبق نمبر: ۶

بناوٹ کے لحاظ سے اسم کی پہلی قسم: "اسم جامد"

سوال اسم جامد کو زیر نظر رکھتے ہوئے ان جملوں کی خالی جگہوں کو پُر کیجیے۔ (On Pg no. 21)

۱۔ استاد کُرسی پر بیٹھا ہوا ہے۔
۲۔ بلی دوڑ رہی ہے۔
۳۔ اپنا قلم مجھے دے۔
۴۔ یہ ایک گول پتھر ہے۔
۵۔ کتاب اور پینسل ساتھ لے۔

۲۔ کالم الف میں دیے گئے الفاظ کو کالم ب میں دیے گئے الفاظ کے ساتھ جوڑ دیجیے:- (On. Pg no. 21)

| کالم الف | کالم ب |
|---|---|
| ۱۔ قلم | سے دیوار بنتی ہے۔ (۲) |
| ۲۔ اینٹ | سے لکھتے ہیں۔ (۱) |
| ۳۔ سونا | کو بیچ راستہ سے ہٹاؤ۔ (۴) |
| ۴۔ پتھر | قیمتی دھات ہے۔ (۳) |

۳۔ ذیل میں دیے گئے سوالوں کے صحیح جواب پر ٹِک (✓) کا نشان لگائیے: (On Pg no. 22)

۱۔ استاد تختہ سیاہ پر لکھتے ہیں:

i. تختہ سیاہ ☑ ii. کرسی ☐ iii. میز ☐

Scanned with CamScanner

(صفحہ ۱۱)

۲۔ مکان کی بنیاد پتھر سے بناتے ہیں۔
i چاندی ☐ ii پتھر ☑ iii لکڑی ☐

۳۔ عورتیں سونے کا زیور پہنتی ہیں۔
i لوہے ☐ ii لکڑی ☐ iii سونے ☑

۴ ذیل میں دیے گئے اسموں میں اسماءِ جامد کو چن کر الگ سے لکھیئے:-
جواب اسماءِ جامد :- میز ، کرسی ، پتھر ، چاند -

۵ اسم جامد کسے کہتے ہیں؟
جواب اسم جامد وہ اسم ہے جو نہ خود کسی کلمہ سے بنا ہو اور نہ اس سے کوئی اور کلمہ بن سکے مثلاً کرسی ، میز ، پتھر وغیرہ۔

۶ کسی پانچ اسماءِ جامد کے نام لکھیئے:

۱ ہیرے ۲ جواہرات ۳ کتاب ۴ قلم

۵ اینٹ -

۷

| | واحد | جمع | | واحد | جمع |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | پرندہ | پرندے | ۵ | شیشہ | شیشے |
| ۲ | راہ | راہیں | ۶ | دال | دالیں |
| ۳ | ندی | ندیاں | ۷ | کلھی | کلھیاں |
| ۴ | احسان | احسانات | ۸ | بخار | بخارات |

Scanned with CamScanner

(صفحہ ۱۲)

⇐

| | لفظ | ضد | | لفظ | ضد |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ابتدا | انتہا | ۶ | دایاں | بایاں |
| ۲ | روشنی | اندھیرا | ۷ | ذہین | کند ذہن |
| ۳ | خشک | تر | ۸ | چالاک | بےوقوف |
| ۴ | الٹا | سیدھا | ۹ | چُست | سُست |
| ۵ | سر | پاؤں | ۱۰ | جنت | جہنم |

⇐

| | لفظ | مترادف | | لفظ | مترادف |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | اہلی | گھریلو | ۶ | نوکر | غلام |
| ۲ | وحشی | جنگلی | ۷ | راست | سچا |
| ۳ | فریب | دھوکہ | ۸ | مریض | بیمار |
| ۴ | ذہین | ہونہار | ۹ | برس | سال |
| ۵ | شاد | خوش | | | |

⇐ اپنے پرنسپل صاحب کے نام فیس معاف کرنے کے لیے ایک درخواست لکھئیے:

بخدمت جناب پرنسپل صاحب نیوایرا پبلک سکول

راجباغ سرینگر

جناب عالی

گذارش خدمت یہ ہے کہ میں ایک غریب باپ کا لڑکا/لڑکی ہوں۔ وہ مزدوری کا کام کرتے ہے۔ ہم سب بھائی بہنیں سکولوں میں پڑھتے ہیں۔ میرا باپ میری فیس ادا کرنے سے قاصر ہے۔ اس لیے عرض ہے کہ میری فیس معاف کی جائے۔ عین نوازش ہوگی۔

عرضی نیاز

ا۔ب۔ج

جماعت تیسری

ے کہانی :- "فاختہ اور شہد کی مکھی" (صفحہ ۱۳)

ایک شہد کی مکھی اُڑ رہی تھی۔ اچانک وہ ندی کے پانی میں گِر پڑی۔ وہ ڈوبنے کو تیار تھی کہ ایک فاختہ نے اُسے ڈوبتے دیکھا۔ اس نے جھٹ اپنی چونچ میں ایک سوکھا پتا لایا اور مکھی کے سامنے پانی میں ڈال دیا۔ مکھی پتّے پر چڑھ گئی اور بہتے بہتے اپنے پروں کو سکھایا اور اُڑ گئی۔

یہی فاختہ ایک دن درخت کی ٹہنی پر بیٹھی ہوئی تھی۔ ایک شکاری اس پر نشانہ بنانے کی تیاری کر رہا تھا۔ اسی مکھی کی اس پر نظر پڑی۔ وہ جلدی سے اس کے ہاتھ پر چڑھ گئی اور اس کو ڈس لیا۔ نشانہ چوک گیا اور فاختہ اُڑ کر بھاگ گئی۔

نتیجہ :- نیکی رنگ لاتی ہے۔

Scanned with CamScanner